بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

Federal Shariat Court

Islamabad 21.12.2022

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن

سینئر ریسرچ ایڈوائزر،

فون نمبر 051-9203443

پریس ریلیز

وفاقی شرعی عدالت پاکستان میں اٹارنی جنرل آف پاکستان اور ایڈووکیٹ جنرلز کے دفاتر کا افتتاح۔

اسلام آباد (   ) عزت مآب جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور، چیف جسٹس، وفاقی شرعی عدالت پاکستان نے مورخہ ۲۱.۱۲.۲۰۲۲ کو وفاقی شرعی عدالت میں اٹارنی جنرل آف پاکستان اور ایڈووکیٹ جنرلز کے دفاتر کا باضابطہ افتتاح کیا۔ ڈپٹی اٹارنی جنرل پاکستان سمیت دیگر صوبوں کے نمائندوں نے تقریب میں شرکت کی۔

تقریب میں جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ، جج، جناب عبدالقیوم لہڑی، رجسٹرار، وفاقی شرعی عدالت، پاکستان اور دیگر اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔

عزت مآب جناب ڈاکٹر سید محمد انور، چیف جسٹس نے اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرلز کے نمائندگان اور وفاقی شرعی عدالت کے افسران کو خراج تحسین پیش کیا۔

عزت مآب چیف جسٹس نے اس موقع پر فرمایا کہ لاء آفیسرز کے لیے مناسب دفاتر کا قیام عدالت کو بھرپور مدد فراہم کرنے میں ممد ومعاون ثابت ہوگا۔

ڈپٹی اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرلز نے معزز چیف جسٹس کا شکریہ ادا کیا۔

(ڈاکٹر محمد مطیع الرحمٰن)

سینئر ریسرچ ایڈوائزر